سوال

(795) ختم قرآن یا ختم بخاری شریف کے موقع پر مٹھائی یا کھانا کھلانا

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

ختمِ قرآن، ختم بخاری شریف وغیرہ یا کسی کتاب کی تکمیل پر جشن منانا اور کھانا کھلانا کیسا ہے ؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

بعض تفسیروں میں لکھا ہے کہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے ''سورۃ البقرۃ'' ختم کی تو دس اونٹ راہ للہ ذبح کر ڈالے۔ اس سے معلوم ہوا کسی دینی کتاب کے اختتام پر کھانا کھلانا یا شیرینی وغیرہ بانٹ دی جائے تو کوئی حرج نہیں کسی حد تک یہ شئے طبعی اور قدرتی خوشی میں بھی داخل ہے۔ البتہ اس فعل کو ضروری سمجھ کر اس کا اہتمام والتزام کرنا سلف سے ثابت نہیں۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ حافظ ثناء اللہ مدنی

جلد:3،تلاوۃِ قرآن : صفحہ:548

محدث فتویٰ